**Series &RQPS/S** **Set-4**

کوڈ Q.P
**Q.P. Code** **30/S**

رول نمبر
Roll No.

امیدوار سوال نامہ کوڈ کو جواب کاپی کے سرورق پر لازمی طور پر لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

**وقت: ۳ گھنٹے** **کل نمبر: ۸۰**

*Time allowed : **3** hours* *Maximum Marks : **80***

**نوٹ :**

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **7** ہے۔
- سوالنامے کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد **11** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جوابی کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوال نامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

**عام ہدایات :**

(i) یہ سوالنامہ 2 حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(ii) اس میں کل *11* سوالات ہیں۔

(iii) **حصہ۔الف**، سوال نمبر *1* تا *8*

(iv) **حصہ۔ب**، سوال نمبر *9* تا *11*

(v) مخصوص ہدایات کے مطابق سوال حل کیجیے۔

(vi) جواب لکھنے سے پہلے جوابی کاپی پر سوال نمبر ضرور لکھیں۔

**General Instructions :**

(i) Question paper is divided into ***2*** Sections.

(ii) It has total ***11*** Questions.

(iii) **Section A** : Q. No. ***1*** to ***8***

(iv) **Section B** : Q. No. ***9*** to ***11***

(v) Attempt questions as per specific instructions.

(vi) Write Question No. in Answer-book before attempting it.

**حصّہ۔الف :** عبارت فہمی، شعر فہمی اور درسی کتب (50 نمبر)

**SECTION A : Comprehension and Text books** ***(50 Marks)***

**1.** درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ $5 \times 2 = 10$

(a) یہ کبھی نہ بھولنا چاہیے کہ آزاد اور خوجی مل کر اس وقت کی زندگی کی تصویر بناتے ہیں۔ ایک کے بغیر دوسرا ادھورا رہ جائے گا۔ ایک دوسرے کے لیے عقبی زمین کا کام دیتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ سرشار نے ایک ہی کردار کے دو ٹکڑے کر دیے ہیں۔ انسانی سیرت کے جن پہلوؤں میں ان کو بلندیٔ فکر اور ربط نظر آیا، وہ آزاد کے لیے مخصوص کر دیے۔ اور جن میں پستیٔ فکر اور بے ڈھنگا پن تھا، وہ خوجی کے سر منڈھ دیے۔ چنانچہ دونوں کا تقابلی مطالعہ بڑی آسانی سے کیا جا سکتا ہے۔ اگر میاں آزاد عالم اور فاضل ہیں تو خوجی بھی اپنی علمیت کا اظہار کرتا رہتا ہے۔ وہ آزاد کے ساتھ ساتھ فیضی کی غزلوں کے اشعار پڑھتا ہے۔ وہ طبیبوں کے لکھے ہوئے نسخوں

پر اعتراض کرتا ہے۔ وہ لکھا پڑھا ہے اور نظمیں لکھا کرتا ہے۔ اگرچہ اس کی یہ علمیت بھی بے سلیقگی کا شکار ہے۔ سچ یہ ہے کہ جب انسان کا علم نامکمل اور بے ترتیب ہوتا ہے تو اس میں دونوں پہلو نکل آتے ہیں۔ میاں آزاد بہادر ہیں تو خوجی بھی اپنی بزدلی کو عمل کے پردوں میں چھپانے کی کوشش میں مصروف ہے۔ عاشق مزاج دونوں ہیں اور دونوں کے عشق میں ایک عجیب طرح کی ناہمواری ہے۔ فرق صرف مذاق سلیم اور حسنِ انتخاب کا ہے۔

(i) درج بالا اقتباس ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟ اس کے مصنّف کا نام کیا ہے؟

(ii) ایک ہی کردار کے دو ٹکڑے کر دینے سے کیا مراد ہے؟

(iii) اس اقتباس میں آزاد کی کون کون سی خوبیاں بیان کی گئیں ہیں؟

(iv) خوجی کے کردار کے کن پہلوؤں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

(v) فیضی کون تھا اور کس بادشاہ کے دربار سے تعلق رکھتا تھا؟

## OR / یا

(b) تب ہی انھیں پتا چلا کہ جو انجکشن انھوں نے ایجاد کیا تھا اور جس کے سبب ملک کی آدھی سے زیادہ آبادی راتوں کی نیند کھو چکی تھی اس آبادی کے لوگوں کے خون میں ایک اس دوا نے ایسے اثرات پیدا کر دیے ہیں کہ اگر وہ کسی کو کاٹ لیں تو وہ انسان تڑپے بغیر ختم ہو جایا کرتا ہے۔ کچھ دن بعد ان امیروں کو یہ انکشاف ہوا کہ وہ زہریلے لوگ کھڑکیوں اور روشن دانوں کے راستے خواب گاہوں میں گھستے ہیں اور سوتے ہوئے آدمی کو کاٹ کر چلے جاتے ہیں۔ اس انکشاف نے روز دولا کھ کمانے والوں کی نیندیں کیسے غائب کیں اور کس طرح وہ سارے کے سارے ارب پتی اس خوف سے پریشان ہو کر کہ رات کو کوئی نادار انھیں کاٹ نہ لے اور وہ سوتے کے سوتے ہی رہ جائیں، اپنے ہی ہاتھوں سے اپنے بازوؤں میں شب بیداری کا وہ انجکشن لگانے لگے۔ بہرحال اس داستان کا انجام یہ ہے کہ برسوں بعد جب اس شہزادے کا اس ملک کی جانب سے گذر ہوا۔ تو اس نے دیکھا کہ اس ملک کے باسی خدا سے یہ دُعا مانگ رہے تھے کہ اے خدا تو ہم سے ہمارا سب کچھ لے لے اور اس کے بدلے ہمیں دو پل سکون سے سو لینے دے۔

(i) درج بالا اقتباس ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے اور اس کے مصنّف کا نام کیا ہے ؟

(ii) انجکشن کی دوا نے کیا اثرات پیدا کر دیے تھے ؟

(iii) دو لاکھ کمانے والے خود اپنے انجکشن کیوں لگانے لگے تھے ؟

(iv) ملک کے باسی خدا سے دعا کیوں مانگ رہے تھے ؟

(v) درج ذیل کے معنی لکھیے :

خواب گاہوں، شب بیداری

**2.** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ $1\times5=5$

(i) اُردو میں مختصر افسانے کی تاریخ پر روشنی ڈالیے اور چار اہم افسانہ نگاروں کے نام بھی لکھیے ؟

(ii) خود نوشت کیوں لکھی جاتی ہے ؟ دو اہم آپ بیتیوں اور ان کے لکھنے والوں کے نام بھی لکھیے۔

**3.** درج ذیل میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ $2\times2\frac{1}{2}=5$

(i) سبق 'پودے' میں کئی ادیبوں کا ذکر کیا گیا ہے، ان میں سے صرف پانچ کے نام لکھیے۔

(ii) خواجہ حسن نظامی کے انشائیہ میں ''مچھر'' کا تعارف کس طرح پیش کیا گیا ہے ؟

(iii) سبق ''غالب جدید شعرا کی ایک مجلس'' میں شامل کوئی پانچ شاعروں کے نام لکھیے۔

(iv) غالب نے منشی ہر گوپال تفتہ کو خط لکھ کر کس شہر اور کس دور کے حالات بتائے ہیں۔

**4.** درج ذیل شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ $5\times2=10$

پُرسشِ غم کو وہ آئے تو اک عالم ہوگا
دیدنی کیفیت قلب و جگر بھی ہوگی
منزل عشق پہ یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم
مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردِ سفر بھی ہوگی

ہوگا افسردہ ستاروں میں کوئی نالۂ صبح
غنچہ و گل میں کہیں بادِ سحر بھی ہوگی
دل اگر دل ہے تو جس راہ پہ لے جائے
دردمندوں کی وہی راہ گزر بھی ہوگی

(i) درج بالا شعری حصّہ شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟ اس کے شاعر کا نام کیا ہے، لکھیے؟

(ii) پہلے شعر میں لفظ ''وہ'' کس کے لیے استعمال کیا گیا ہے، لکھیے؟

(iii) 'گردِ سفر' سے کیا مراد ہے؟

(iv) اس اقتباس میں شامل قافیوں کی فہرست بنائیے۔

(v) آخری شعر میں دل کی کس خوبی کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

**.5** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ $1\times 5=5$

(i) پابند نظم اور آزاد نظم میں فرق واضح کیجیے۔

(ii) غزل کی تعریف بیان کیجیے اور چار اہم غزل گو شعراء کے نام بھی لکھیے۔

**.6** درج ذیل میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ $2\times2\frac{1}{2}=5$

(i) آرزوؔ لکھنوی کی شاعری کا امتیاز بیان کیجیے۔

(ii) اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو
کچھ پا گئے ہیں آپ کے طرزِ بیاں سے ہم

درج بالا شعر میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

(iii) نظم ''ارتقا'' میں شاعر نے کیا پیغام دیا ہے؟

(iv) نظم 'روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے' کی روشنی میں حضرت آدم کو زمین پر بھیجے جانے کا واقعہ لکھیے۔

**.7** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے لکھیے۔ $1 \times 4 = 4$

(i) چے خف کی ذاتی زندگی پر روشنی ڈالیے۔

(ii) ویکوم محمد بشیر کی کہانیوں کی خوبی کیا ہے ؟

**.8** درج ذیل میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ $2 \times 3 = 6$

(i) چیرویاکوف اور جنرل بری ژالوف میں سے کسی ایک کردار کے بارے میں اپنی رائے پیش کیجیے۔

(ii) کہانی 'جنم دن' کے مصنّف کو قرض کون دیتا ہے ؟اور قرض کی رقم کیا تھی ؟

(iii) افسانہ 'جلتی جھاڑی' میں غروب آفتاب کے کیسے مناظر بیان کیے گئے ہیں؟

(iv) نرمل ورما کو حاصل کوئی تین ایوارڈ کے نام لکھیے۔

## حصّہ۔ب : اُردو زبان وادب کی تاریخ (30 نمبر)

## SECTION B : History of Urdu Literature (*30 Marks*)

**.9** درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ $3 \times 5 = 15$

(i) اُردو زبان کے ارتقا میں محمد بن تغلق کا کیا رول رہا؟

(ii) ڈاکٹر جان گلکرسٹ کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

(iii) سر سیّد نے رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کس مقصد سے جاری کیا؟

(iv) دبستانِ دہلی کے تحت کی جانے والی شاعری کی کیا خوبیاں تھیں ؟

**10.** درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ $2 \times 5 = 10$

(i) اقبال کا تعمیر خودی کا فلسفہ کیا ہے؟

(ii) غالب کی مکتوب نگاری کے امتیازات کیا ہیں؟

**11.** درج ذیل سوالات کے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ $5 \times 1 = 5$

(i) کہانی ''کلرک کی موت'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) ن۔م۔راشد (B) نظم طباطبائی

(C) چے خف (D) مرزا غالب

(ii) سفر نامہ ''زرد پتوں کی بہار'' کس نے لکھا ہے؟

(A) رام لعل (B) حالی

(C) قرۃ العین حیدر (D) اقبال

(iii) ان میں سے کون تنقید نگار ہے؟

(A) احتشام حسین (B) غالب

(C) اقبال (D) اختر الایمان

(iv) اختر الایمان کا اصل نام کیا تھا؟

(A) اختر الایمان احمد (B) اختر الایمان خاں

(C) محمد اختر الایمان (D) مرزا اختر الایمان

(v) انجمن ترقی پسند ادبی تحریک کی پہلی کانفرنس میں کس نے خطبہ دیا تھا؟

(A) اقبال (B) سجاد ظہیر

(C) پریم چند (D) خواجہ حسن نظامی